10/04/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میناشفاق امین

PM

وزیر اعظم نریندر مو دی نے ملک کے جمہوری نظام کو مزید فعال اور شراکت دار بنانے کےلئے لجسلیٹو اداروں میں خواتین کی ریزرویشن کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا ہے۔ ایکOp-Ed پیج میں اپنے خیالات کا اظہار کر تے ہوئے انہوںنے کہا کہ اس ریزرویشن میں تاخیر نہیں ہونی چاہئے۔

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ خواتین کی ریزرویشن سے متعلق اہم بِل پر بحث کرنے اور اسے پاس کرنے کےلئے پارلیمنٹ کا اجلاس رواں مہینے کی16تاریخ کو منعقد کیا جارہا ہے۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ ثقافتی روایات کے ساتھ مضبوطی کے ساتھ جڑے رہ کر قوم کو ترقی کی ایک نئی راہ پر گامزن کرانے میں اپنا بھر پور رول ادا کریں۔

ابھینو تھیٹر جموں میں ماتا سُکرالا دیوی سے متعلق، ماتا سُکرالا کی کہانی کے موضوع پر میوزیکل اوپیرا کے دوران خطاب کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ ثقافتی ورثہ سماج میں نئی سوچ اور اقدار کو پروان چڑھانے اور ایک شمولیاتی سماج وجود میں لانے میں کلیدی اہمیت رکھتا ہے۔

LGمیٹنگ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل جموں میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جمونو کشمیر میں عملائے جانے والے 100دنوں پر مشتمل نشہ مکت ابھیان کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔

اس ابھیان کے تحت جمونو کشمیر کو منشیات سے پاک کرنے کےلئے متعدد بیداری سرگرمیوں کا اسٹیڈیم جموں سے ایک بڑی پد MA انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اس تعلق سے لیفٹنٹ گورنر 11اپریل کو یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے اور اسی طرح کی ایک اور یاترا کا انعقاد سرینگر میں مئی مہینے کے پہلے ہفتے میں کیا جائے گا۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں-وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

....

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں جموں کشمیر کے ایک نامور ادیب اور نقاد، پدم شری ایوارڈ یافتہ پروفیسر شفیع شوق نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا

پولیس کارروائی

ایکٹ کے تحت شالہ گام NDPSپولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کو جا ری رکھتے ہوئے سری گفوارہ کے عمران احمد وانی ڈرگ سمگلر کی80لاکھ روپے مالیت کے ایک رہائشی مکان کنڈی Thrainaاور ایک گاڑی کو اٹیچ کر دیا ہے۔ اسی طرح کی ایک اور کارروائی میں پولیس نے کیلر شوپیان کے محمد شفیع کھانڈے نامی ڈرگ سمگلر کا15لاکھ78ہزار روپے مالیت کا رہائشی مکان اٹیچ کر دیا ہے۔

ایکٹ کے تحت ترینز امام صاحب شوپیان کے محمد NDPSایک اور کارروائی میں پولیس نے ایوب ڈار نامی ڈرگ سمگلر کی10لاکھ7ہزارروپے مالیت کی جائیداد کو اٹیچ کر دیا ہے۔

ملاقات

انٹرنیشنل ٹریڈ آر گنائزیشن جمونو کشمیر کے ایک وفد نے سندیپ جین کی قیادت میں لوک Jain بھون جموں میں ایل جی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت4 اعشاریہ6ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت12 اعشاریہ4ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

…………………………………………

………………………..

……………

……